پریس ریلیز

جنرل ہسپتال میں جدید ایم آر آئی و سی ٹی سکین کی خریداری کا عمل شروع

حکومت نے 525 ملین روپے کے فنڈز جاری کر دیئے: پرنسپل پی جی ایم آئی

نئی مشینوں کی تنصیب سے مریضوں کا علاج معالجہ آسان ہوگا، مثبت تبدیلیاں آئینگی: پروفیسر الفرید ظفر

وزیر اعلیٰ اور صوبائی وزیر صحت علاج معالجے اور تشخیص کی جدید ترین سہولیات فراہم کرنے میں ذاتی دلچسپی لے رہے ہیں: گفتگو

لاہور 10 فروری:......وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار اور صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد نے مریضوں کی فلاح و بہبود اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لئے احسن اقدام اٹھاتے ہوئے لاہور جنرل ہسپتال میں جدید ترین ایم آر آئی اور سی ٹی سکین مشینوں کی خریداری و تنصیب کے لئے ساڑھے 52 کروڑ روپے کے فنڈز جاری کر دیے ہیں۔

اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ و امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے بتایا کہ دونوں مشینوں کی خریداری 30 جون 2022 سے قبل مکمل ہو جائے گی اور اس سلسلے میں ایم ایس ایل جی ایچ ڈاکٹر خالد بن اسلم اور اے ایم ایس پرچیز ڈاکٹر ذیشان حیدر کو مشینوں کی خریداری کے عمل کو تیز رفتاری کے ساتھ مکمل کرنے کی بھی ہدایت کی ہے تا کہ مریض جلد سے جلد اس سہولت سے مستفید ہو سکیں۔ پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ جنرل ہسپتال کے لئے 1.5 ٹیسلا ایم آر آئی اور 128 سلائس سی ٹی سکین مشینوں کی خریداری اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت بالخصوص وزیر اعلیٰ پنجاب اور صوبائی وزیر صحت صوبے کے عوام کو علاج معالجے اور تشخیص کی جدید ترین سہولیات فراہم کرنے میں ذاتی دلچسپی لے رہی ہے اور اس مقصد کے لئے فراخدلانہ طور پر کروڑوں روپے کے فنڈز فراہم کیے جا رہے ہیں جس سے صحت کے شعبے میں خوشگوار اور مثبت تبدیلیاں آ رہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پبلک سیکٹر ہسپتالوں میں دور حاضر کے تقاضوں کے مطابق مشینوں کی فراہمی سے مریضوں کو نجی اداروں میں تشخیصی ٹیسٹوں پر خرچ ہونے والے ہزاروں روپے کی بچت ہوگی جس سے عام آدمی پر علاج معالجے کا مالی بوجھ کم ہوگا جبکہ مریضوں کو پیچیدہ ٹیسٹ کے ذریعے علاج معالجے میں آسانی ملے گی اور وہ جلد صحت یاب ہو سکیں گے۔

☆☆☆☆